(3)

کمزوروں کو زمین و آسمان کی تمام نعمتوں سے محروم رکھنے کی کوشش کیا اور ساری نعمتوں کو اپنے ہی لئے خاص کرنے میں لگ گیا نتیجہ یہ ہوا کہ فقیر خط افلاس سے نیچے ہوتا گیا شکوہ اور فریاد ہی بنا گیا جس کے ذمہ دار صاحب ثروت اور مالدار ہیں نہ کہ زمین و آسمان۔ کاش مجھے بھی وہی عقل و سمجھ ہوتی جو ان کے پاس ہے تو میں بھی وہی تصور کر سکتا جو وہ لوگ تصور کر رہے ہیں۔

اگر ضعیفوں کی بہ نسبت مال جمع کرنے اور اس کی ملکیت کے زیادہ حقدار ہونے میں انکی حجت و دلیل قوت و طاقت ہی ہے تو پھر وہ ضعیفوں کی روح کو سلب کرنے کے مالک کیوں نہیں بن جاتے ہیں جیسا کہ وہ ان کے مال کو سلب کرنے کے مالک بن بیٹھے ہیں جبکہ زندوں کی نظر میں زندگی بھوک کے ہاتھ کے لقمہ سے زیادہ قیمتی ہے اور اگر ان کی حجت یہ ہو کہ وہ اپنے آباؤ اجداد سے مال و دولت کے وارث ہوئے ہیں تو ہم کہیں گے کہ اگر باپ دادا ہونا ہی وراثت کا سبب ہے تو پھر وہ اپنے آباء اجداد کے مال ہی کے وارث کیوں ہوئے

Scanned with CamScanner